
اللہ جل مجدہٗ اور رسولِ اکرم ﷺ کی شانِ اقدس میں
گستاخانہ عبارتوں کا علمی و تحقیقی محاسبہ

الحق المبین



تالیف منیف

غزالیٔ زماں حضرت مولانا سید
احمد سعید شاہ کاظمی علیہ الرحمۃ القوی

جدید ترتیب و اضافہ

محترم خلیل احمد رانا صاحب

نعمان اکادمی
جہانیاں منڈی

نام کتاب	الحق المبین
مصنف	علاّمہ سیّد احمد سعید کاظمی قدس سرہٗ
ترتیب	خلیل احمد رانا
پروف ریڈنگ	سیّد منیر رضا قادری
سنِ اشاعت	۲۰۰۳ء
تعداد	گیارہ سو
ہدیہ	100/روپے
ناشر	نعمان اکادمی جہانیاں منڈی ضلع خانیوال

ملنے کا پتہ

مسلم کتابوی، دربار مارکیٹ، لاہور

پوسٹ کوڈ نمبر۔ ۵۴۰۰۰

ٹیلی فون نمبر۔ ۷۲۲۵۶۰۵۔۰۴۲

سے ملا ہے، حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، اس کے ملائکہ، اس کی کتابوں اور رسولوں اور یوم قیامت وغیرہ عقائد واعمال سب چیزوں کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو عطا فرمایا، اس لئے سارے دین کی بنیاد اور اصل الاصول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ ہے اور بس، بنابریں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیثیت ایسی عظیم ہے جس کے وزن کو مومن کا دل ودماغ محسوس کرتا ہے، مگر کماحقہٗ اس کا اظہار کسی صورت سے ممکن نہیں، ایسی صورت میں تعظیم رسول کی اہمیت کسی مسلمان سے مخفی نہیں رہ سکتی، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں نہایت اہتمام کے ساتھ مسلمانوں کو بارگاہِ رسالت کے آداب کی تعلیم فرمائی، ارشاد ہوتا ہے!

یایھا الذین امنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولا تجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون۔ (پ۲۶، سورہ الحجرات، آیت ۲)

''اے ایمان والو بلند نہ کرو اپنی آوازیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز پر اور نہ ان کے ساتھ بہت زور سے بات کرو جیسے تم ایک دوسرے سے آپس میں زور سے بولا کرتے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارا کیا کرایا سب کچھ اکارت جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔''

اس کے ساتھ ہی دوسری آیت میں ارشاد ہوتا ہے!

ان الذین یغضون اصواتھم عند رسول اللّٰہ اولئك الذین امتحن اللّٰہ قلوبھم للتقوی لھم مغفرۃ واجر عظیم۔ (سورہ الحجرات، آیت ۳)

''بے شک جو لوگ اپنی آوازیں پست کرتے ہیں، رسول اللہ کے نزدیک وہ ایسے